25/05/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔طار ق گنائی

پدم ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام راشٹر پتی بھون نئی دلی میں منعقد ہونے والی ایک پر وقار تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔

پدم اعزازات ملک کے اعلیٰ ترین شہری اعزازات میں شامل ہیں جو تین زمروں پدم وبھوشن//پدم بھوشن// اور پدم شری پر مشتمل ہیں۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

قابل ذکر ہے کہ اس سال پدم شری پانے والوں میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر تعلیم پروفیسر شفیع شوق اور سماجی شخصیت برج لال بٹ بھی شامل ہیں۔

بڈگام

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی اور دیگر کئی اہم لیڈروں نے بڈگام مینایک معصوم بچی کے بہیمانہ قتل کے واقعے پر رنج و غم اورتشویش کا اظہا رکیا ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر نے اس سلسلے مینپولیس سربراہ سے بات کرکے سینئرافسروں کو اس سانحہ کی باریک بین تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کی سرکار قصور واروں کو قرار واقعی سزا دلانے کیلئے متعلقہ ایجنسیوں کو ہر ممکن تعاون کرے گی۔

پی ڈی پی صدر نے اس واقعے پرتشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے واقعات کاسُنتے ہی ایک انسان لرز جاتا ہے۔

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کل متاثرہ کنبوں کے گھر جا کرسرکار کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت اپنے نوجوانوں سے نہایت پر امیدہے کہ وہ اس ملک کو نئی بلندیوں تک پرواز کرائیں گے۔

کیڈٹس NCC کے زیر اہتمام ایک خصوصی قومی یکجہتی کیمپ میں ملک کے مختلف علاقوں سے آئےNCC وہ سرینگر میں کے ساتھ بات کر رہے تھے۔

پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف اضلاع میں پد یاتراؤنکے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے ، جن میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد اپنے سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کی لعنت کے خلاف اپنے عزم مصمم کا اظہا رکر تے ہیں۔

اسی طرح کی ایک پد یاترا کا اہتمام آج ضلع بانڈی پورہ مینبھی ہے۔ ضلع کی ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے لوگوں سے اسٹیڈیم سے نکلنے والی اس پد یاترامیں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں-SK کہاہے کہ وہ

پد یاتر اکی قیادت لیفٹننٹ گورنر منوج سنہانے کی۔ انہوننے کہاکہ جمونکشمیرانتظامیہ منشیات کے نیٹ ورک کی کمر توڑنے کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے ، جبکہ اس لت میں پڑے افراد کی باز آباد کاری کیلئے بھی مناسب اقدامات کئے جا رہے

ہیں۔انہوننے کہا کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اب تک متعدد سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے اور منشیات کے کاروبار سے حاصل کی گئے اثاثوں کو بھی قرق کیا جا چکا ہے ۔

ستیش شرما

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ستیش شر ما نے کہا ہے کہ کھیل کود منشیات کے خلاف ایک مضبوط آلہ ہے ۔

لیگ2026کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے Spandan ٹینسLawn میران صاحب جموں کے اندریش ور نگر مینمنعقدہ کے رول کی سراہنا کی ۔BSFہوئے انہوں نے قومی تعمیر میں

حج

آج ذالحجہ کی8ویںتاریخ ہے ۔ ان دنوں لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں حج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے موجود ہیں۔

Talbia

واضح رہے کہ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ آج سے شروع ہو رہا ہے اور آج عازمین کرام احرام باندھے ہوئے پورا دن منٰیٰ کی وادی میں گزاریں گے۔

کل 9ذالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین ،حج کے رکن عظیم وقوف عرفہ کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو نگے۔

Talbia

اعجاز بشیر

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریںتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

کپواڑہ

ملک گیر رابطہ کاری اور جانکاری پروگراموں کے سلسلے " جن بھاگیہ داری سب سے دور سب سے پہلے"کے تحت کپواڑہ مہم کامیابی کے ساتھ چلائی گئی۔IEC ضلع کے کچھ دور دراز اور قبائلی علاقوں میں

اس مہم کا مقصد سرکار کی بہبودی اسکیموں اوردیگر خدمات کے فوائد حاشیے پر رہنے والی قبائیلی آبادی تک پہنچنا ہے جس میں متعلقہ محکمے قریبی تال میل کیساتھ کام کر رہے ہیں۔

ریل

اور اب ریل سے متعلق یہ خبر

-----Music-----

شمالی ریلوے نے مسافروں کی سہولیت کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں مال برداری میں آسانی پیدا کرنے کیلئے کئی اہم اقدام کئے ہیں۔

اس سلسلے میں آج علی الصبح قریب پونے چھ بجے جموں سے ممبئی کیلئے ایک خصوصی پارسل وین میں 12ٹن تازہ چری کی پہلی کھیپ روانہ کی گئی ۔اس اقدام سے جموں کشمیر کا میوہ

---

کم سے کم وقت اور تازگی کی حالت میں متعلقہ منڈیوں تک پہنچنے میں مدد ملے گی۔ ۂ

-----Music-----

UPSC

مرکزی پبلک سروس کمیشن کی طرف سے سو ل سروسز 2026کے سلسلے میں کل سرینگر میں صوبائی انتظامیہ کشمیر کی نگرانی میں 9ذیلی امتحانی مراکز پر امتحان کا عمل کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا۔

کل ملا کے 2ہزار1امید وار امتحان میں شامل ہوئے جن میں27امیدوار جسمانی طور سے خاص تھےجسمانی طور سے خاص امید واروں کیلئے تمام ضروری سہولیات سے لیس ایک مخصوص مرکز قائم کیا گیا تھا ۔

IIMC

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال 2026-27 کےلئے اُر دو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

IIMC نئی دلی کی وائس چانسلر Dr. Pragya Paliwal Gaur نے کہا ہے کہ اس کورس میں 30 نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ کل یعنی 26 مئی ہے اور امتحان یکم جون کو لیا جائے گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ